© rasailojaraid.com



## ترویحات خمسہ

مؤلف: مولانا حکیم میر محمد ربانی رحمہ اللہ، / ناشر: الناصر ہومیو کلینک اینڈ سٹور نیو بازار- ظاہر پیر- ضلع رحیم یار خاں / ضخامت: ۱۱۲ صفحات / قیمت: ۱۵ روپے

رمضان المبارک قریب ہے- لہذا مسنون تراویح کی آٹھ یا بیس رکعت ثابت کرنے کا جھگڑا بھی قریب ہے- یعنی..... نہ ستیزہ گاہ جہاں نئی، حریف پنبہ فگن نئے!

یہ اختلافی مسائل ایسے ہیں، یا ایسے بنا دیئے گئے ہیں کہ "ہزار بار فقیہوں نے ان کو سلجھایا" مگر یہ وہیں کے وہیں ہیں- ایسے مسائل کو بیان کرنے میں اور ان پر عمل پیرا ہونے میں جواز کی بجائے تجاوز اور شدت کی بجائے تشدد کا راستہ پسند فرمانے والے حضرات نجانے کون سے اسلام کی خدمت کرتے ہیں اور کیونکر؟

زیر نظر کتاب میں مؤلف مرحوم و مغفور نے احناف کی ترجمانی کی ہے- ان کے اسلوب، ان کے استدلال اور ان کی زبان کے جلو میں "جواب آں غزل" کی گونج دار اور گرج دار آواز ان کے پاس دلائل کا انبار ہے- نثر میں بات کرتے کرتے وہ یکا یک قاری سے نظم میں مخاطب ہو جاتے ہیں- ان کا لہجہ کبھی کبھی تلخ بھی ہو جاتا ہے لیکن یہ یقیناً صحیح ہے کہ وہ جمہور اہل سنت کے مؤلف و مسلک کی ترجمانی کامیابی سے کرتے ہیں-

○

## دعاءِ صحت

لاہور سے ہمارے کرم فرما اور باقیات احرار جناب حفیظ رضا پسروری کے داماد، جواں سال جمیل احمد صاحب شدید علیل ہیں- ان کے گردے متاثر ہیں-

ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری کی اہلیہ محترمہ گزشتہ چار ماہ سے شدید علیل ہیں-

احباب و رفقاء سے درخواست ہے کہ وہ ان کے لئے اور جملہ تمام مریضوں کے لئے دعاء فرمائیں- اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

○

© rasailojaraid.com